ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا مؤمن کے صحیفہ کا عنوان حبِ علی بن ابی طالب ہے۔

حدیث نمبر:32

عن جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ حق علی ابن ابی طالب علی ھذہ الامة کحق الوالد علی ولدہ (مسند الفردوس بماثور الخطاب ج2 الرقم 2674 ص 132 مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان کنز العمال الرقم 45473 اعتکاۃ الرقم 4949)

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ روایت بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا حضرت علی کا حق امت پر ایسے ہے جیسا باپ کا حق اولاد پر ہوتا ہے۔

حدیث نمبر:33

عن سلمان قال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول کنت انا و علی نورا بین یدی اللہ تعالیٰ قبل ان یخلق آدم باربعة عشر الف عام فلما خلق اللہ آدم قسم ذلك النور جزأین فجزءان و جزء علی اخرجه احمد فی المناقب (الریاض النضرہ فی مناقب العشرہ ج3 ص120 مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا آپ نے فرمایا یعنی میں اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم تخلیق آدم سے چودہ ہزار سال قبل اللہ تعالیٰ کے سامنے ایک نور تھے تو پھر اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو اس نور کے دو حصے کیے ایک جز میں ہوں اور دوسرا حضرت علی ہیں۔

حدیث نمبر:34

محمد بن نافع بن حجیر عن ابیہ علی رضی اللہ عنہ قال قال النبی ﷺ اما انت یا علی انت صیفی و امینی (خصائص امیر المؤمنین از امام نسائی ص20 مطبوعہ التقدیم العلمیۃ مصر)

ترجمہ: محمد بن نافع بن عجیز وہ اپنے باپ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا اے علی تو میرا ساتھی اور امین ہے۔

حدیث نمبر:35

عن سعید بن المسیب قال لقد اصابت علیا یوم احد ست عشرة

ضربة کل ضربة تلزمه الارض فما کان یرفعه الا جبریل علیه السلام
قال علی لما تخلی الناس عن رسول الله ﷺ یوم احد نظرت فی
القتلی فلم ار رسول الله ﷺ فقلت والله ما کان لیفر و اراہ فی
القتلی و لکن الله غضب علینا بما صنعنا فرفع نبیه فما فی خیر من ان
قاتل حتی اقتل فکسرت جفن سیفی ثم حملت علی القوم فافرجوا لی
فاذا برسول الله ﷺ بینهم

(اسد الغابه فی تمیز الصحابة ج3 ص 287 مطبوعه مکتبة المعروفیه کوئٹه الباکستان)

ترجمہ: حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں غزوہ احد کے روز حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو سولہ زخم لگے تھے اور ہر زخم ان کو زین پر گرا دیتا پھر حضرت جبریل علیہ السلام آپ کو اٹھاتے تھے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرمایا کرتے تھے غزوہ احد میں جب لوگ (اصحاب) حضور نبی کریم ﷺ سے دور ہٹ گئے تو میں نے حضور کو شہداء کی لاشوں میں دیکھنا شروع کیا لیکن حضور نبی کریم ﷺ کو نہ پایا میں نے کہا کہ اللہ کی قسم حضور نبی کریم ﷺ بھاگنے والے نہ تھے لیکن اللہ کا غضب ہم پر نازل ہوا سبب اس کے جو حرکت ہم سے ہوئی پس اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو اٹھالیا ہے میرے لیے یہ بہتر ہے کہ میں لڑتا ہوا قتل کیا جاؤں لہٰذا میں نے اپنی تلوار کی میان توڑ ڈالی اور کفار پر حملہ کر ڈالا پس وہ تمام میری طرف ٹوٹ پڑے تو میں دیکھا کہ حضور نبی کریم ﷺ ان کے درمیان میں تھے۔

حدیث نمبر:36

قال ابن عباس وشری علی نفسه ولبس ثوب النبی ﷺ ثم نام
مکانه قال ابن عباس و کان المشرکون یرمون رسول الله ﷺ
فجآء ابوبکر و علی نائم قال و ابوبکر یحسب انه نبی الله قال فقال یا
نبی الله قال فقال له علی ان نبی الله ﷺ قد انطلق نحو بئر میمون
فادرکه قال فانطلق ابوبکر فدخل معه الغار قال و جعل علی یرمی
بالحجارة کما کان یرمی نبی الله و هو یتضور قد لف راسه فی الثوب لا
یخرجه حتی اصبح ثم کشف عن راسه فقالوا انك للئیم وکان لایتضور
ونحن نرمیه و انت تتضور وقد استنکرنا ذلك

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے اپنے آپ کو بیچ ڈالا کہ حضور نبی کریم ﷺ کی چادر اوڑھ کر آپ ﷺ کی جگہ سو گئے۔

مشرکین نے حضور نبی کریم ﷺ سمجھ کر آپ کو پتھر مارتے رہے پس ابو بکر رضی اللہ عنہ وہاں آئے تو حضرت علی بستر رسول ﷺ پر لیٹے ہوئے تھے کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ سمجھا کہ رسول اللہ ﷺ لیٹے ہوئے ہیں انھوں نے آواز دی اے اللہ کے رسول اے اللہ کے رسول تو حضرت علی نے جواب دیا رسول اللہ ﷺ تو بیئر میمون کی طرف چلے گئے ہیں آپ ان سے جا ملیے۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ وہاں سے چلے اور آپ سے ملے اور آپ غار میں داخل ہو گئے حضرت علی رضی اللہ عنہ پتھروں کی بارش میں ایسے سوئے ہوئے تھے کہ جیسے پتھر رسول اللہ ﷺ کو مار رہے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ ان پتھروں کی چوٹوں سے رو رہے تھے لیکن انھوں نے صبح تک اپنا چہرہ نہیں

دکھایا۔ جب صبح ہوئی تو آپ کرم اللہ وجہہ الکریم نے اپنے چہرے سے چادر ہٹائی تو کفار نے آپ کو برا بھلا کہتے ہوئے کہ ہم تیرے ساتھی کو پتھر مار رہے تھے وہ تو کبھی ایسا نہیں کرتے تھے تم رو بھی رہے تھے۔

حدیث نمبر:37

اخبرنا عوف عن بن عمرو بن هند الجملی قال قال علی کنت اذا سالت رسول الله ﷺ اعطانی و اذا سکت ابتدانی هذا حدیث حسن

(جامع ترمذی کتاب المناقب باب مناقب علی بن ابی طالب الرقم 3722 مطبوعہ دار السلام للنشر والتوزیع ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: خبر دی ہے عوف بن عبداللہ عمرو بن ہند جملی کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب میں حضور نبی کریم ﷺ سے سوال کرتا تو آپ ﷺ مجھے کلام فرماتے اور جب میں خاموش ہوتا تو آپ ﷺ خود ابتداء فرماتے یہ حدیث حسن ہے۔

حدیث نمبر:38

عن سعد بن ابی وقاص قال خلف رسول الله ﷺ علی ابن ابی طالب فی غزوة تبوك فقال یا رسول الله تخلفنی من اسناد والصبیان فقال اما ترضی ان تکون منی بمنزلة هارون من موسیٰ غیر انه لا نبی بعدی

(صحیح مسلم کتاب الفضائل باب من فضائل علی بن ابی طالب الرقم 6218 مطبوعہ دار السلام للنشر والتوزیع ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے ہیں کہ غزوہ بوک کے موقع پر حضرت علی رضی اللہ عنہ مدینہ میں اپنا نائب مقرر فرمایا تو انھوں نے عرض کیا آپ مجھے بچوں اور عورتوں میں چھوڑ کر جا رہے ہیں تو حضور نبی کریم ﷺ نے اشارہ فرمایا کہ تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ تم کو میرے ساتھ وہی نسبت ہے جو ہارون علیہ السلام کو موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھی مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

حدیث نمبر:39

عن انس بن مالك رضی الله عنه ان النبی ﷺ قال لعلی انت تبین رامنی ما اختلفوا فیه بعدی هذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاه

(المستدرك علی الصحیحین کتاب معرفة الصحابة، ذکر اسلام امیر المؤمنین الرقم 4678 ج3 ص 335 مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراتشی)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا میرے بعد جب میری امت میں اختلاف پیدا ہوگا تو ان پر حق واضح کرو گے۔

حدیث نمبر:40

عن علی بن ابی طالب اعلم الناس بالله والناس حبا و تعظیما للاهل لا اله الا الله

(مسند الفردوس بماثور الخطاب الرقم 4180 ج3 ص 64 مطبوعہ دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ لوگوں میں سے اللہ تعالیٰ کو زیادہ جاننے والے اور لوگون سے زیادہ محبت کرنے والے اور اہل توحید کی تعظیم کرنے والے ہیں۔

حدیث نمبر: 41

عن ابن عباس قال قال رسول اللہ ﷺ انا مدینۃ العلم و علی بابھا فمن اراد العلم فلیات بابہ

(اسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابۃ ج3 ص 288 مطبوعۃ مکیۃ معرفیۃ کوئٹہ پاکستان) مجمع الزوائد 92 ص 114 و اخرجہ الطبرانی فی الکبیر 11071 و اخرجہ الحاکم فی المستدرک ج1263)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس سے مرودی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے جو علم حاصل کرنے کا ارادہ رکھتا ہو اسے چاہیے کہ وہ دروازے سے علم حاصل کرنے آئے۔

حدیث نمبر: 42

عن جابر بن عبداللہ قال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول الناس من شجر شتی و انا و علی من شجرۃ وحدۃ

(الطبرانی فی الاوسط برقم 4148 مجمع الزوائد کتاب المناقب باب مناقب علی الرقم 14582 ج9 ص 82 مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: لوگ مختلف اشجار سے ہوتے ہیں میں اور حضرت علی ایک ہی شجر سے ہیں۔

حدیث نمبر: 43

ابن عباس حب علی بن ابی طالب یاکل الذنوب کما تاکل النار الحطب

(مسند الفردوس ج3 ص 142 الرقم 2722 مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت تنزیہ الشریعۃ ج1 ص 255)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی محبت گناہوں کو ایسے کھا جاتی ہے جیسی دہکتی ہوئی آگ لکڑی کو۔

حدیث نمبر: 44

اخرجہ ابن عساکر عن ابن عباس قال ما نزل احد من کتاب اللہ تعالیٰ ما نزل فی علی

(تاریخ الخلفاء از سیوطی ص136، مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراتشی)

ترجمہ: ابن عساکر حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں قرآن مجید میں جو کچھ حضرت علی کی شان میں نازل ہوا وہ کسی اور شان میں نازل نہیں ہوا۔

حدیث نمبر: 45

و اخرجہ ابن عساکر عن ابن عباس قال نزلت فی علی ثمان مائۃ آیۃ

(تاریخ الخلفاء ص 136 مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراتشی)

ترجمہ: ابن عساکر حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی کی شان میں تین سو آیات نازل ہوئی ہیں۔

حدیث نمبر:46

سعید بن جبیر عن ابن عباس قال اذا ثبت لناء الشیء عن علی لم نعدل عنه الی غیره

(اسد الغابة فی تمییز الصحابة ج3 ص 288 ابن حجر العسقلانی فی الاصابة ج4 ص 568 الاستیعاب فی معرفة الصحاب ج3 ص 1103)

ترجمہ: حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ جب کسی چیز کا اثبات حضرت علی سے مل جاتا تو ہم کسی اور کی طرف رجوع نہیں کرتے تھے۔

حدیث نمبر:47

عن ابی الطفیل قال قال بعض اصحاب النبی ﷺ لقد کان لعلی من اسوابق مالو ان سابقة منها بین الخلائق لو سعتهم خیرا (ابن عساکر فی مختصر تاریخ دمشق ج18 ص 31 اسد الغابة فی معرفة الصحابة ج3 ص 288 مطبوعه مکتبة المعرفیة کوئته باکستان)

ترجمہ: یزید بن ہارون نے ابوطفیل سے روایت کی ہے کہ وہ کہتے ہیں بعض اصحاب رسول ﷺ کا قول ہے کہ اگر حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم (فضیلتوں) میں سے ایک فضیلت تمام مخلوقات پر تقسیم بھی کر دی جائے تو سب فائدے میں رہیں گے۔

حدیث نمبر:48

عن علی قال علمنی رسول اللہ ﷺ الف باب کل باب یفتح الف باب

(کنزل العمال کتاب فضائل باب فضائل علی بن ابی طالب ج13 الرقم 6369 ص 50 مطبوعه ادارہ تالیفات اشرفیه الباکستان)

ترجمہ: حضرت علی ؓ بیان کرتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے علم کے ایک ہزار باب تعلیم فرمائے اور ہر باب ایک ایک ہزار باب پر مشتمل ہے۔

حدیث نمبر:49

عن حذیفة قال قال رسول اللہ ﷺ ان ولوا علیا فهادیا فهدیا

(الاستیعاب فی معرفة الاصحاب باب حرف عین 534 مطبوعه دار السلام بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت حذیفہ ؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا اگر تم حضرت علی ؓ کو اپناؤ گے تو ان کو پاؤ گے ہادی اور مہدی۔

حدیث نمبر:50

اخرج ابو نعیم و ابن عساکر عن ابی لیلی ان رسول اللہ ﷺ قال الصدیقون ثلاثة حبیب النجار مؤمن ال تین قال یا قوم اتبعوا المرسلین و حزقیل مومن فرعون الذی قال اتقتلون رجلا ان یقول ابی اللہ و علی ابن ابی طالب و هو افضلهم

(الصواعق المحرقة ص 176 مطبوعه النوریه الرضویه ببلشنك كمبنی لاهور باكستان)

ترجمہ: ابو نعیم نے ابن عساکر سے روایت کیا وہ حضرت ابی لیلی سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ صدیق تین ہیں ایک صدیق حبیب ابن نجار جو آل یاسین کا مومن ہے جس نے کہا تھا کہ اے

میری قوم کے لوگو مرسلین کی پیروی کرو دوسرے صدیق حزقیل جو ال فرعون کے مؤمن تھے جنھوں نے کہا تھا کہ تم ایسے شخص کو قتل کرتے ہو جو یہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے اور تیسرا صدیق علی بن ابی طالب ہے جو ان سب سے افضل ہے۔

حدیث نمبر:51

عن ابی الحمراء قال قال رسول اللہ ﷺ من اراد ان ینظر الی آدم فی عمه و الی نوح فی قومه و الی ابراهیم فی حلمه و الی یحیی بن زکریا فی زهده و الی موسی بن عمران فی بطشه فلینظر الی علی ابن طالب اخرجه القزوینی الحاکمی

(الریاض النضرۃ فی مناقب العشرۃ ج3 ص 197 مطبوعه دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت ابی حمرا رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جن کا ارادہ ہو کہ وہ آدم علیہ السلام کو اپنے عمل میں، حضرت نوح علیہ السلام کو کو اپنی قوم میں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حلم میں اور حضرت یحیٰ بن زکریا علیہ السلام کو حالت زہد میں حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام کو گرفت میں دیکھے پس وہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو دیکھے۔

حدیث نمبر:52

عن ابن عباس ان النبی ﷺ قال علی من بمنزلة راسی من بدنی

(الصواعق المحرقه ص 177 مطبوعه النوریه الرضویه پبلشنگ لاهور

مسند الفردوس بماثور الخطاب ج3 ص 162 الرقم 4174 مطبوعه دار الکتب

العلمیة بیروت لبنان فیض القدیر ج 5 الرقم 559655 مطبوعه دار الحدیث القاهرہ مصر اخرجه لخطیب فی تاریخه ج7 ص 11 و ابن عساکر فی تاریخه ج42 ص 344)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ کا مقام مجھ سے ایسا ہے جیسا میرے بدن سے سر کا۔

حدیث نمبر:53

عن عبداللہ بن عباس قال واللہ لقد اعطی علی ابن ابی طالب تسعة اعشار العلم و ایم اللہ لقد شارککم فی العشر العاشر

(استیعاب فی معرفة الاصحاب باب حرف عین ص 530 مطبوعه دار الاعلام بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو نو حصے علم کے دیے گئے اور دسواں حصہ جو لوگوں کو ملا تھا آپ رضی اللہ عنہ اس میں بھی شریک تھے۔

حدیث نمبر:54

اخرج الترمذی و النسائی و ابن ماجة عن حبشی بن جنادة قال قال رسول اللہ ﷺ علی من و انا من علی

(تاریخ الخلفاء ص 134 مطبوعه کتب خانه کراتشی باکستان)

ترجمہ: ترمذی و نسائی اور ابن ماجہ نے حبشی بن جنادہ سے روایت بیان کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ مجھ سے ہیں اور میں علی سے ہوں۔

حدیث نمبر:55

عن ابی الحمراء خادم النبی ﷺ قال سمعت النبی ﷺ قال سمعت النبی ﷺ یقول لما اسری بی الی السماء دخلت الجنة

قرابت فی ساق العرش مکتوبا لا اله الله محمد رسول الله ایدته بعلی ونصرته۔

(الطبرانی فی الکبیر ج22 ص 200 مجمع الزوائد کتاب المناقب الرقم 92014702 ص 111 مطبوعه دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت ابی حمراء خادم نبی ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔ آپ ﷺ نے فرمایا جب شب اسراء آسمانوں کی طرف گیا اور جب داخل جنت ہوا اور عرش کے ساق پر یہ لکھا ہوا پایا محمد اللہ کے رسول ہیں ان کی مدد ونصرت علی کے ہاتھ سے کی گئی۔

حدیث نمبر:56

عمر بن الخطاب حب علی براۃ من النار

(مسند الفردوس بماثور الخطاب ج3 ص 142 الرقم 2723 مطبوعه دار الکتب العلمیة بیروت کنز العمال 32593)

ترجمہ: حضرت عمر بن خطاب ؓ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا حضرت علی ؓ کی محبت آگ سے آزادی کی سند ہے۔

حدیث نمبر:57

اخرج موفق بن احم الخوارزمی عن یحیی و مجاهد هما عن ابن عباس رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ یا ام سلمة هذا علی لحمه لحمی و دمه دمی و هو منی بمنزلة هارون من موسٰی ال انه لا نبی بعدی یا ام سلمة اسمعی و اشهدی هذا امیر المؤمنین و سید المسلمین و هذا عیبة علمی و هذا بابی الذی اوتی منه و هذا اخی فی

الدنیا والاخرة و هذا معی فی اسنام الاعلی

(ینابیع المودة الباب الرابع والاربعون ص 129-130 مطبوعه کتاب فروشی بصیرتی ایران)

ترجمہ: موفق بن احمد خوارزمی نے یحییٰ اور مجاہد ان دونوں سے روایت کیا انھوں نے حضرت ابن عباس ؓ وہ کہتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا اے ام سلمہ رضی اللہ عنہا یہ علی ہیں ان کا جسم میرا جسم ہے ان کا خون میرا خون ہے ان کو مجھ سے وہ منزلت حاصل ہے جو حضرت ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے حاصل ہے مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے اے ام سلمہ گواہ رہنا یہ حضرت علی ؓ مؤمنوں کے امیر اور مسلمانوں کے سردار ہیں یہ میرے علم کا ظروف ہیں یہ میرا دروازہ ہیں جہاں سے کسی نے میرے پاس آنا ہو یہ دنیا اور آخرت میں میرے بھائی ہیں یہ بلند مقام سے میرے ساتھ ہوں گے۔

حدیث نمبر:58

عن الضابحی عن علی قال رسول الله ﷺ انت بمنزلة الکعبة تؤتی ولا تاتی فان اتاك هؤلاء القوم فسلموها الیك فاقبل منهم و ان لم یاتوك فلا تاتهم حتی یاتون

اسد الغابة فی معرفة الصحابة ذکر علی ابن ابی طالب ذکر خلافته ج 3 ص 297 مطبوعه المکتبة المعروفیه کوئته باکستان ذکره ابن عرافة الکنانی فی تنزیه الشریعة ج1 ص 399)

ترجمہ: حضرت صنابحی نے حضرت علی ؓ سے روایت کیا کہ وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا اے علی تم کعبہ کی مثل ہو کہ لوگ کعبہ کے پاس جاتے ہیں۔ وہ کسی کے پاس نہیں آتا اور لوگ تمہارے پاس آئیں اور خلافت

تمہارے سپرد کر دیں تو قبول کر لینا اگر لوگ تمہارے پاس نہ آئیں تو تم ان کے
پاس نہ جانا یہاں تک کہ وہ خود تمہارے پاس نہ آئیں۔

حدیث نمبر:59

عن قیس بن عباد عن علی رضی اللہ عنہ قال انا اول من یجثو بین
یدی الرحمٰن لخصومة یوم القیامة

(صحیح بخاری کتاب التفسیر تفسیر سورۃ الحج الرقم 4744 مطبوعہ دار السلام
للنشر و التوزیع الریاض سعودی عرب)

ترجمہ: قیس بن عباد نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ انھوں نے ارشاد
فرمایا کہ میں پہلا شخص ہوں گا جو بروز قیامت اللہ تعالی کی بارگاہ میں دوزانوں بیٹھ
کر اپنا مقدمہ پیش کروں گا۔

حدیث نمبر:60

عن جعفر الصادق فی تفسیر القیانی جنهم کل کفار عتید قال اذا کان
یوم القیامة وقف محمد ﷺ و علی علیه السلام علی الصراط و
ینادی منادیا محمد یا علی القیانی جهنم کل کفار بنبوتك یا محمد و
عنید بولایتك یا علی

(ینابیع المودة ص 85 مطبوعہ کتاب فروشی بصیرتی)

ترجمہ: امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے اس آیت القیانی جہنم کل کفار کی باب پوچھا گیا
جب قیامت کا دن ہو گا تو نبی کریم ﷺ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ پر صراط پر کھڑے
ہوں گے ایک ندا دینے والا یہ آواز دے گا یا محمد ﷺ یا علی تم دونوں ہر اس
شخص کو جہنم میں ڈال دو (اے محمد ﷺ) جس نے تمہارے نبوت کا انکار کیا اور

اے (علی) جس نے تمہاری ولایت کا انکار کیا۔

حدیث نمبر:61

عن هبیرة بن یریم قال سمعت الحسن بن علی قام فخطب الناس
فقال یا ایها الناس لقد فارقکم امس رجل ما سبقه ولا یدرکه الا
خرون لقد کان رسول الله ﷺ یبعثه المبعث فیعطیه الرایة فما
یرجع حتی یفتح الله علیه جبریل عن یمینه و میکائیل عن شمائله ما
ترك بیضاء ولا صفراء

(الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان کتاب التاریخ باب ذکر اثبات محبة الرقم
6897 ص 1201 مطبوعہ بیت الافکار الدولیة بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت ہبیر بن یریم سے مروی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت
امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو فرماتے سنا وہ اٹھے اور لوگوں کو خطبہ دیا آپ نے فرمایا
اے لوگو بے شک تم سے ایسے شخص کل جدا ہوئے جس سے کسی نے سبقت
نہیں کی اور نہ دوسرے ایسے جانتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ان کو بھیجا اور
انھیں جھنڈا عطا کیا ہو مگر وہ فتح واپس آئے ہوں اور جبریل علیہ السلام ان کے دائیں اور
میکائیل علیہ السلام ان کے بائیں ہوتے۔۔۔

حدیث نمبر:62

عن زید بن ارقم قال کان لنفر من اصحاب رسول الله ﷺ ابواب
شارعة فی المسجد قال فقال یوما سدوا هذه الابواب الا باب علی
قال فتکلم فی ذلك الناس قال فقام رسول الله و فحمد الله تعالی و
اثنی علیه ثم قال اما بعد فانی امرت بسد هذه الابواب الا باب علی

و قال فیہ قائلکم و انی واللہ ما سددت شیئا ولا فتحتہ ولکن امرت
بشیء فاتبعتہ

(مسند احمد بن حنبل ج4 ص 370 الرقم 19287 مطبوعہ بیت الافکار الدولیۃ
بیروت)

ترجمہ: حضرت زید بن ارقم روایت بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے کئی
صحابہ کے دروازے مسجد نبوی کی طرف کھلتے تھے ایک روز نبی کریم ﷺ نے
سب دروازوں کو بند کرنے کا حکم فرمایا سوائے دروازہ حضرت علی کے اس پر کچھ
نے اعتراض کیا تو آپ ﷺ کھڑے ہوئے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کرنے کے بعد
فرمایا میں نے حضرت علی کے دروازے کے سوا جو تمام کو بند کرنے کا حکم دیا ہے
اس پر بعض نے اعتراض کیا ہے اللہ کی قسم میں نے اپنے آپ کی طرف سے کسی کا
دروازہ کھول کر بند نہیں کرتا بلکہ یہ حکم تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے آیا ہے اور اسی
پر پیروی کرتا ہوں۔

حدیث نمبر: 63

جابر قال قال رسول اللہ ﷺ من اراد ان ینظر الی اسرافیل فی
ہیبۃ و الی میکائیل فی رتبتہ و الی جبرائیل فی جلالتہ و الی آدم فی
عملہ و الی نوح فی خشیتہ و الی ابراہیم فی خلفہ و الی یعقوب فی حزنہ و الی
یوسف فی جمالہ و الی موسیٰ فی مناجاتہ و الی ایوب فی صبرہ و الی یحییٰ فی
زھدہ و الی عیسیٰ فی عبادۃ و الی یونس فی ورعہ و الی محمد فی حسبہ و
خلقہ فلینظر الی علی فان فیہ تسعین خصلۃ من خصال الانبیاء
جمعہا اللہ فیہ ولم یجمعہا فی احد غیرہ

(مودۃ فی القربیٰ المودۃ الودۃ الثامنۃ مع ینابیع المودۃ ص255 مطبوعہ کتاب
فروشی بصیرتی ایران)

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جو
یہ چاہے کہ وہ حضرت اسرافیل کی ہیبت کا نظارہ کرے، حضرت میکائیل کے مقام
کا اور مرتبہ اور حضرت جبریل علیہ السلام کی جلالت کا نظارہ کرے اور حضرت آدم علیہ السلام
اور حضرت نوح علیہ السلام کی خاصیت اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی خلت اور حضرت
یعقوب علیہ السلام کا حزن اور حضرت یوسف علیہ السلام کا جمال اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی
مناجات کرنا اور حضرت ایوب کا صبر کرنا، حضرت یحییٰ علیہ السلام کا زہد کرنا اور حضرت
عیسیٰ علیہ السلام کا عبادت کرنا اور حضرت یونس علیہ السلام کا ورع کرنا اور حضرت محمد ﷺ
حسب اور خلق دیکھنا چاہے وہ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو دیکھے۔ اللہ تعالیٰ نے
حضرت علی رضی اللہ عنہ میں انبیاء کرام کی نوے خوبیاں جمع کرر کھی ہیں اور ان خوبیوں کو
حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے سوا کسی اور میں جمع نہیں کیا۔

حدیث نمبر: 64

عن ابی سعید الخدری قال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول ان منکم
من یقاتل علی تأویل القرآن کما قاتلت علی تنزیلہ قال ابو بکر انا
ھو یا رسول اللہ قال لا قال عمر انا ھو یا رسول اللہ قال لا ولکن
خاصف النعل قال وکان اعطی علیا نعلہ یخصفہ

(الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان کتاب التاریخ باب ذکر قتال علی ابن ابی
طالب الرقم 6898 مطبوعہ بیت الافکار الدولیۃ بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ تم
میں سے کون ہے جو اللہ تعالیٰ کے قرآن کی تاویل پر لڑے گا تو حضرت ابو بکر

صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں ہوں تو آپ ﷺ نے فرمایا
نہیں پھر حضور عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں ہوں آپ ﷺ
نے فرمایا نہیں بلکہ وہ ہے جو جوتے گانٹھ رہے ہیں راوی بیان کرتے ہیں کہ حضرت
علی رضی اللہ عنہ اس وقت نبی کریم ﷺ کے جوتے گانٹھ رہے تھے۔

حدیث نمبر:65

زید بن اسلم رفعه یا علی بخ بخ من مثلك و الملائكة تشتاق اليك
و الجنة لك فاذا كان يوم القيمة ينصب لى منبر من نور ولك منبر من
نور ولا اب راهيم منبر من نور ولك منبر من نور فتجلس عليه و اذا
مناد ينادى بخ بخ من وصى بين حبيب و خليل ثم اوتى بمفاتيح
الجنة والنار فادفعها اليك۔

(مودة فی القربی المودة التاسعة مع ینابیع المودة المودت ص 256-257 مطبوعه
کتاب فروشی بصیرتی ایران)

ترجمہ: زید بن اسلم روایت بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا
(علی کو بلند فرمایا) واہ واہ اے علی کون تیری مثل ہو سکتا ہے۔ فرشتے تیرے
مشتاق ہیں جنت تیری مشتاق ہے بروز قیامت میرے لیے ایک نور کا ممبر بچھایا
جائے گا اور تمھارے لیے بھی نور کا منبر بچھایا جائے گا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے
لیے بھی ایک نور کا منبر بچھایا جائے گا ہم اس پر بیٹھ جائیں گے ایک منادی ندا دے
گا واہ واہ مبارک ہو مبارک ہو آج حبیب اور خلیل کے درمیان موجود ہیں پھر مجھے
جنت اور دوزخ کی کنجیاں دی جائیں گی میں وہ تمہارے سپرد کر دوں گا۔

حدیث نمبر:66

عن علی علیه السلام رفعه من احب ان یرکب سفینة النجاة و
لیستمسك بالعروة الوثقیٰ و یعتصم بحبل الله المتین فلیوال علیا
بعدی و لیعاد عدوه ولیاتم بالائمة الهداة من ولده فانهم حلفائی و
اوصیائی و مجمع علی خلقه بعدی و سادات امتی و قادات الاتقیاء
الی الجنة حزبهم حزبی و حزبی حزب الله و حزب اعدائهم حزب الشیطان۔

(مودت فی القربی مع ینابیع المودة المودة العاشرة ص 258 مطبوعه کتاب الفروشی
الصیرتی ایران)

ترجمہ: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے
ارشاد فرمایا جو یہ بات پسند کرے وہ نجات کی کشتی میں سوار ہو جائے اور اللہ تعالیٰ
کی رسی کو مضبوطی سے تھامے اور اللہ تعالیٰ کی مضبوط رسی کو تھامے اسے حضرت
علی کو میرے بعد دوست رکھنا ہو گا اور ان کے دشمن کو دشمن جانے۔ ان سے
پیدا ہونے والے (فرزند) سے پیدا ہونے والے امت کی طرف پیدا ہونے والے
ائمہ کو امام بنائے یہ میرے خلفا میں اور یہ میرے درمیان ہوں گے۔ میرے بعد
اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر محبت ہوں گے اور یہ میری امت کے سردار ہوں گے
حضرات کو جنت کی طرف کھینچیں گے انکا گروہ میرا گروہ ہو گا میرا گروہ اللہ تعالیٰ
کا گروہ ہے ان کے دشمنوں کا گروہ شیطان کا گروہ ہو گا۔

حدیث نمبر:67

عن ابن عباس رضی الله عنه ان النبی ﷺ قال لعلی وارثی

(اللآلی والمضوعة ج1 ص 297 مطبوعه المکتبة المعروفیه کوئٹه پاکستان)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا

حضرت علی رضی اللہ عنہ میرا وارث ہے۔

حدیث نمبر:68

حدثنی ام عطیة قالت بعث النبی ﷺ جیشًا فیهم علی قالت فسمعت رسول الله ﷺ و هو رافع یدیه و یقول اللهم لا تمتنی حتی ترینی علیاً

(جامع الترمذی کتبا المناقب باب لا یحبك الا مومن الرقم 373 مطبوعه دار السلام للنشر و التوزیع ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ لشکر بھیجا اس کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھی بھیجا میں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا آپ ﷺ نے ہاتھ بلند کر کے بارگاہ خداوندی میں دعا کی یا اللہ مجھے اس وقت تک موت نہ دینا جب تک میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھ نہ لوں۔

حدیث نمبر:69

عن جابر قال لما کان یوم غزوة الطائف قام النبی ﷺ مع علی رضی الله عنه ملیا من النهار فقال له ابوبکر رضی الله عنه یا رسول الله لقد طاعت منا جاتك علیا منذ الیوم فقال رسول الله ﷺ ما انا انتجیته و لکن الله انتجاه۔

(المعجم الکبیر للطبرانی ج2 الرقم 1735 ص8 مطبوعه دار الکتب العلمیة بیروت لبنان، مشکوة المصابیح کتاب الفضائل باب علی ابن ابی طالب، ترمذی کتاب المناقب ما انتجیة الرقم 3726 مطبوعه دار السلام للنشر و التوزیع ریاض سعودی عرب) اسد الغابة فی معرفة لص به باب علی بن ابی طالب ج3 ص292 مطبوعه

المکتبة المعروفیه کوئٹه پاکستان)

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ غزوہ طائف کے روز حضور نبی کریم ﷺ اٹھے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ سورج کی روشنی میں سرگوشی کرنے لگے حتی کہ دن ڈھلنے لگا تو حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آج اتنی طویل سرگوشی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا میں ان کے ساتھ سرگوشی نہیں بلکہ خود اللہ تعالیٰ نے ان کے ساتھ سرگوشی فرمائی۔

حدیث نمبر:70

عن ابن عباس رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ ما مررت بسماء الا و اهلها یشتاقون الی علی ابن ابی طالب و ما فی الجنة نبی الا و هو یشتاق الی علی ابن ابی طالب۔

(الریاض النضرة فی مناقب العشرة ج3 ص198 مطبوعه دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ روایت بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جب میں آسمانوں کی طرف گیا اس نے آسمانوں میں رہنے والوں کو دیکھا ہر کوئی حضرت علی رضی اللہ عنہ کا مشتاق تھا اور میں نے جنت میں پایا تمام انبیاء کو بھی حضرت علی کا مشتاق۔

حدیث نمبر:71

حدثنی عبدالله بن نجی عن ابیه قال قال لی علی کانت لی منزلة من رسول الله ﷺ لم تکن لاحد من الخلائق فکنت اتیه کل سحر

فاقول السلام علیك یا نبی الله فان تنحنح الفرقت الی اهلی ولا دخلت علیه۔

(سنن النسائی کتاب اسهو باب التحنح فی الصلوٰة الرقم 1214 مطبوعه دار السلام للنشرو والتوزیع ریاض سعودی عرب ، احمد ج1 ص85 الرقم 637)

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ کے ہاں میرا مقام مرتبہ ایسا تھا کہ جو لوگوں میں سے کسی کا نہ تھا میں ہر روز بوقت سحر بارگاہ رسالت میں حاضر ہوتا اور سلام عرض کرتا یا نبی اللہ السلام علیک اگر نبی کریم ﷺ کھانس پڑتے تو میں اپنے گھر واپس آجاتا اور اگر نہ کھانستے تو میں اندر چلا جاتا۔

حدیث نمبر:72

عن علی ابن ابی طالب قال دعانی رسول الله ﷺ فقال ان فیك من عیسٰی مثلا ابغفته یهود حتی بهتوا امة واحبته النصاری حتی انزلوه بالمنزل الذی لیس به الا ورنه یهلك فی اثنان محب مطریقرظنی بما لیس فی و بغض یحمله شنانی علی ان یبهتنی الا انی لست بنی ولا یوحی الی ولکنی اعمل بکتاب الله وسنة نبیه ﷺ ما استطعت فما امرتکم من طاعة الله فحق علیکم طاعتی فیما احببتم و کرهتم۔

(مسند احمد بن حنبل ج1 ص160، مسند علی بن ابی طالب الرقم 1377، مطبوعه بیت الافکار الدولیة بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے مجھے بلایا اور فرمایا اے علی تمہارے ساتھ وہی وہی ہو گا جیسا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ہوا یہاں

تک کہ انھوں نے ان کے ساتھ بغض کیا اور ان کی ماں پر بہتان لگایا اور عیسائیوں نے ان کی محبت میں غلو کیا اور اس مقام پر پہنچایا جو انکا نہ تھا۔ پھر حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا میرے متعلق دو قسم کے لوگ پیدا ہوں گے ایک وہ جو محبت میں غلو کر جائیں گے اور اس مقام سے مجھے لے جائیں گے جو میرا مقام نہیں اور دوسرے لوگ مجھ سے بغض عناد کریں گے اور مجھ پر ایسے بہتان تراشیں گے جن کا مجھ سے کوئی تعلق نہ ہو گا خبردار میں نبی نہیں ہوں اور نہ ہی مجھ پر وحی نازل ہوتی ہے میں اللہ تعالیٰ کی کتاب اور سنت رسول ﷺ کا عامل ہوں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے لیے تمہیں حکم دوں گا وہ تمہیں اچھا لگے یا برا لگے اس پر تم نے میری اطاعت کرنا میرا حق ہے۔

حدیث نمبر:73

عن جمیع عبن عمیر التیمی قال دخلت مع عمتی علی عاشة فسئلت ای الناس کان احب الی رسول الله ﷺ قالت فاطمة فقیل من الرجال قالت زوجها۔

(جامع الترمذی کتاب المناقب باب ما جاء فی فضل فاطمة الرقم 3874 مطبوعه دار السلام للنشر والتوزیع ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت جمیع بن عمیر تیمی بیان کرتے ہیں کہ میں اپنی پھوپھی کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور سوال کیا لوگوں میں رسول اللہ ﷺ زیادہ محبوب کون ہے تو آپ نے فرمایا حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا اور پھر پوچھا مردوں میں سے کون زیادہ محبوب تھا تو آپ نے فرمایا ان کے خاوند علی بن ابی طالب تھے۔

حدیث نمبر:74

عن ابن مسعود رضی اللہ عنه قال لما برز علی الی عمرو بن عبدو د قال النبی ﷺ برز الایمان کله الی الشرك کله فلما قتله قال له ابشر یا علی فلو وزن عملك الیوم بعمل امتی لرجح عملك بعملهم۔

(ینابیع المودة ص 94 مطبوعه کتاب فروشی بصیرتی ایران) عن حذیفة رضی اللہ عنه ضربة علی فی یوم الخندق افضل من اعمل امتی یوم القیامة۔ (مقتل خوارزمی ص45)

ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن مسعود ؓ بیان کرتے ہیں کہ جنگ خندق کے روز جب حضرت علی ابن ابی طالب ؓ عمرو بن عبدود کے مقابلہ کے لیے نکلے تو نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کل ایمان کل شرک کے مقابلہ کے لیے جارہا ہے جب حضرت علی بن ابی طالب ؓ نے عمرو بن عبدود کو واصل جہنم کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا اے علی کرم ؓ تمہیں مبارک ہو اگر صرف تمہارے اس روز کے عمل کا وزن کیا جائے تو تمام امت کے اعمال سے تمہارا عمل زیادہ وزنی ہوگا۔

حدیث نمبر:75

عن علی رضی اللہ عنه قال قال رسول اللہ و رحم اللہ علیا اللهم ادر الحق معه حیث دار۔

(مسند ابی یعلی الموصلی مسند علی بن ابی طالب الرقم 527 ؛ المعجم الاوسط للطبرانی باب العین باب المیم من اسمه محمد الرقم 6016)

ترجمہ: حضرت علی ؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا اے اللہ تعالیٰ تو علی پر رحم فرما اور اے اللہ حق کو اس طرف پھیر دے جس طرف علی جائے۔

حدیث نمبر:76

عن ابی هریرة قال قال عمر بن الخطاب رضی اللہ عنه لقد اعطی علی بن ابی طالب ثلاث خصال لان تو کن لی خصلة منها احب الی من ان اعطی حمر النعم قیل و ما هُن یا امیر المؤمنین قال تزوجه فاطمة بنت رسول اللہ ﷺ و سکناه المسجد مع رسول اللہ ﷺ یحل له فیه ما یحله له والرایة یوم خیبر هذا حدیث صحیح الاسناد و لم یخرجاه۔

(المستدرك علی الصحیحین کتاب معرفة الصحابة باب ذکر اسلام امیر ج3 ص338 الرقم 4695 مطبوعه قدیمی کتب خانه کراتشی)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب ؓ نے فرمایا حضرت علی ؓ کو تین ایسی خوبیاں عطا کی گئیں ہیں اگر ان میں سے مجھے ایک بھی مل جاتی تو مجھے سرخ اونٹوں کے ملنے سے زیادہ خوشی ہوتی۔ آپ سے پوچھا گیا اے امیر المؤمنین وہ کیا فضیلتیں ہیں تو فرمایا:

ایک یہ کہ رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی ان کے نکاح میں آئیں۔

دوسری یہ کہ وہ حضور نبی کریم ﷺ کے ساتھ مسجد میں رہائش پذیر ہوئے ان کے سب کچھ جائز تھا جو نبی کریم ﷺ کے لیے جائز تھا۔

تیسری یہ کہ خیبر کے روز ان کو علم عطا کیا گیا۔

حدیث نمبر:77

عن ابن عباس قال کنا نتحدث ان رسول اللہ ﷺ عهد الی علی سبعین عهدا لم یعهدها الی غیره

(الطبرانی فی الصغیر ج2 ص69) مجمع الزوائد ج9 ص101 الرقم 14664 مطبوعہ دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ روایت بیان کی ہے کہ نبی کریم ﷺ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ستر عہد کیے ان کے علاوہ کسی سے بھی ایک عہد نہ کیا۔

حدیث نمبر:78

ان النبی ﷺ قال لفاطمة اما ترضین ان زوجتك اقدم امتی سلما و اکثرهم علما و اعظمهم حلما۔

(جمع الزوائد کتاب المناقب باب فی علمه ج98 ص102 الرقم 4669 مطبوعہ دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

ترجمہ: بے شک نبی کریم ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا اے فاطمہ کیا تو اس پر راضی نہیں کہ تیرا خاوند سب سے پہلے اسلام لانے والے ہیں اور وہ بہت زیادہ علم والے ہیں اور بڑی حلم والے ہیں۔

حدیث نمبر:79

خارجة بن سعد عن ابیه سعد قال قال رسول الله ﷺ لعلی لا یحل لاحد ان یجنب فی هذا المسجد غیری و غیرك۔

(المصنف فی کشف الاستار برقم 2997 مجمع الزوائد کتاب مناقب باب مایحل له فی المسجد الرقم 14679 ج9 ص105 مطبوعہ دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت سعد روایت بیان کرتے ہیں نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی کے لیے یہ حلال نہیں ہے کہ وہ مسجد میں حالت جنابت میں داخل ہو۔

حدیث نمبر:80

عن شراحیل بن مرة قال سمعت رسول الله ﷺ یقول لعلی ابشر یا علی حیاتك و موتك معی۔

(مجمع الزوائد کتاب المناقب باب منه فی منزلة ج9 ص100 الرقم 14658 مطبوعہ دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت شراحیل بن مرہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اے علی مبارک ہو تو زندگی میں اور مرنے کے بعد بھی میرے ساتھ ہے۔

حدیث نمبر:81

قال رسول الله ﷺ علی بن ابی طابل حلقة معلقة بباب الجنة من تعلق لها دخل الجنة۔

(فرائد اسلمطین ج1 ص180)

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ جنت کے دروازے کا ایک حلقہ ہیں جس نے ان کے ساتھ تعلق استوار کر لیا وہ جنت میں داخل ہو گا۔

حدیث نمبر:82

عن قیس بن عازم قال التقی ابو بکر الصدیق و علی بن ابی طالب فتسم ابو بکر فی وجه علی فقال له مالك تبسمت قال سمعت رسول الله ﷺ یقول لا یجوز احد الصراط الا من کتب له علی الجواز۔

(الریاض النضرة فی مناقب العشرة باب مناقب علی بن ابی طالب ذکر اختصاصه بانه لا یجوز احد الصراط ج3 ص137 مطبوعہ دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت قیس بن عازم روایت بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آپس میں ملاقات ہوئی حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھ کر مسکرانے لگے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے ابو بکر آپ نے تبسم کس لیے کیا تو حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا یعنی کوئی پل صراط سے نہیں گزر سکے گا مگر وہ جس کے پاس حضرت علی کی مہر ہوگی۔(جنت کا ویزہ ہوگا)

حدیث نمبر:83

قال رسول اللہ ﷺ یا علی ما عرف اللہ حق معرفتہ غیری و غیرك و ما عرفك حق معرفتك غیر اللہ و غیری۔

مناقب ال ابی طالب ج3 ص267

ترجمہ: حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اے علی آپ اور میرے علاوہ کسی نے بھی اللہ تعالیٰ کے مقام کو نہیں پہچانا اور کسی نے بھی سوائے اللہ تعالیٰ کے اور میرے جس عظمت تم مالک ہو نہیں جانا۔

حدیث نمبر:84

عن ابن عباس علی منی بمنزلۃ راسی من بدنی

(فیض القدیر شرح جامع الصغیر ج5 ص651 الرقم 5596 مطبوعہ دار الکتب القاھرۃ مصر اخرجہ الخطیب فی تاریخہ ج7 ص11 و ابن عساکر فی تاریخہ ج42 ص344 والدیلمی ج3 ص62 الرقم 4174 و ابن جوزی فی العلل المتناھیۃ ج1 ص212 الرقم 335)

ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ علی میرے ہاں ایسی منزلت رکھتا ہے جیسے میرے بدن پر سر ہو۔

حدیث نمبر:85

محبوب بن ابی زناد قالت الانصار ان کنا لنعرف الرجل الی غیر ابیہ بغضہ علی ابن ابی طالب

(تاریخ دمشق لابن عساکر ج42 ص287 مختصر تاریخ دمشق ج17 ص371 دار لفکر)

ترجمہ: محبوب بن ابی زناد فرماتے ہیں کہ اہل انصار حرامی شخص کو بغض علی کی وجہ سے پہچانتے تھے(کہ یہ اپنے کا نطفہ نہیں ہے)

حدیث نمبر:86

عن سوید بن غفلۃ عن الصنابیحی عن علی قال قال رسول اللہ ﷺ انا دار الحکمۃ و علی بابھا۔

(جامع الترمذی کتاب مناقب باب مناقب علی ابن ابی طالب حدیث انا دار الحکمۃ الرقم 3723 مطبوعہ دار السلام للنشر والتوزیع ریاض سعودی عرب)

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں حکمت کا گھر ہوں اور علی اس کے دروازہ ہے۔

حدیث نمبر:87

عن ابن عباس ان علیا رضی اللہ عنہ کان یقول فی حیاۃ رسول اللہ ﷺ ان اللہ عزوجل یقول (افان مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم) (ال عمران 144) واللہ لا تنقلب علی اعقبنا بعد اذ ھدانا اللہ واللہ لئن مات او قتل لا قاتلن علی ما قاتل علیہ اموت واللہ انی

لاخوہ و ولیه و ابن عمه و و رثه فمن احق به منی۔

(المعجم الکبیر ج11 الرقم 174 ص66 مطبوعه دار الکتب العلمیة بیروت لبنان؛ ذکرہ ابو عبداللہ الحنبلی فی الاحادیث المختارہ ج2 ص233 و ذکرہ النسائی فی السنن الکبریٰ ج5 ص125 الرقم 8450 و ذکرہ الهیثمی فی مجمع الزوائد ج9 ص134)

عن عبادة بن الصامت قال کنا ننور اولادنا رجب علی بن ابی طالب فاذا راینا احد لایحب علی بن ابی طالب علمنا انه لیس منا و انه لغیر اشدہ

(تاریخ دمشق لابن عساکر ج42 ص287 مختصر تاریخ دمشق ج17 ص371 دارلفکر)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم ﷺ کے حیات مبارکہ میں فرمایا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اگر وہ نبی فوت ہو گئے یا شہید کر دیے گئے تو تم ایڑیوں کے بل پھر جاؤ گے اس ذات کی قسم اگر وہ وفات پا جائیں یا شہید کر دیے جائیں تو میں میں تمام عمر ان کے احکام پر لڑتا رہوں گا جن پر آپ نے قتال کیا خدا کی قسم میں ان کا بھائی ہوں میں ان کا ولی ہوں میں ان کے چچازاد بھائی ہوں اور میں ان کے علم کا وارث ہوں ان کے حق کا وارث میرے علاوہ کون ہو سکتا ہے۔

حدیث نمبر:88

و عن انس بن مالك قال قال رسول الله ﷺ ما من نبی الا وله نظر فی امته و علی نظیری۔

(الریاض النضرہ فی مناقب عشرة المبشرة، ج3 ص120، مطبوعه دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ہر نبی کی کوئی نظیر اس کی امت کوئی شخص ہوتا ہے اور میری نظیر علی بن ابی طالب ہے۔

حدیث نمبر:89

عن ابی ایوب قال قال رسول الله ﷺ لصقد صلیت الملائکة علی و علی علی لانا کنا نصلی لیس معنا احد یصلی غیرنا۔

(الریاض النضرة فی مناقب العشرة المبشرة ج3، ص121، مطبوعه دار الکتب العلمیة۔)

ترجمہ: حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا یعنی فرشتے مجھ پر اور علی پر درود پڑھتے تھے کیوں کہ اس وقت ہم دونوں نماز پڑھتے تھے اور ہمارے علاوہ کوئی اور نماز نہیں پڑھتا تھا۔

حدیث نمبر:90

قال جاء ابو بکر و علی یزورون قبر النبی ﷺ بعد وفاته ستة ایام قال علی لابی بکر تقدم یا خلیفة رسول الله فقال ابو بکر ما کنت لا نقدم رجلا سمعت رسول الله ﷺ یقول علی منی بمنزلتی من ابی۔

(الریاض النفرة فی مناقب العشرة ج3 ص118–119 مطبوعه دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

ترجمہ: نبی کریم ﷺ کے وصال کے چھ روز بعد حضرت ابو بکر اور حضرت علی

رضی اللہ عنہما زیارت کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ پر حاضر ہوئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ سے کہا اے خلیفہ رسول آپ آگے بڑھیں تو حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں ایسے شخص پر کیسے سبقت کر سکتا ہوں جس کے بارے میں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا علی مجھے ایسے ہیں جیسے میں اپنے رب کریم کو ہوں۔

جمعرات ، 3 بجے دن، 13-07-18
بحرمت طٰہٰ یٰس صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت صاحبزادہ
سید محمد عباس علی گیلانی
خانوادہ حجرہ شاہ مقیم